
Oslo

KORUS
OSLO

# Stafettloggen



Urdu

## Stafettlogg - دراصل کیا ہے؟

Stafettloggen **اشتراک کار کا ڈیجیٹل وسیلہ** ہے جو اس صورت میں آپ کو بہتر تفصیل مہیا کرتا ہے جب آپکی/آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے کئی ادارے مل کر کام کر رہے ہوں۔

## Stafettloggen کو کیوں استعمال کیا جائے؟

Stafettloggen کا مقصد گھر اور بارنے ہاگے/سکول کے درمیان اشتراک کار آسان بنانا ہے یا جب اسکے ساتھ ساتھ آپ لوگوں کو کئی پیشہ ور کارکنوں کے ساتھ مل کر بھی کام کرنا ہو تو آسانی رہتی ہے۔
Stafettloggen واضح کرتا ہے کہ آپ لوگ مل کر کونسے چیلنج دور کرنے کے لیے کام کریں گے اور آپ نے کن اقدامات کے لیے آپس میں اتفاق کیا ہے۔ ہر اقدام کے لیے ایک شخص ذمہ دار ہوتا ہے اور نتائج کی جانچ کے لیے ایک تاریخ مقرر ہوتی ہے۔

## Stafettloggen کس طرح کام کرتا ہے؟

Stafettloggen تب قائم کیا جاتا ہے جب آپ لوگ رضامندی دیں اور جب آپ Stafettlogg بنوانا چاہتے ہوں۔ یہ متعلقہ گھرانے/ شخص کی ملکیت ہوتا ہے اور وہی طے کرتا ہے کہ کون اسے دیکھ سکے گا۔ Stafettloggen دیکھنے کے لیے انٹرنیٹ پر لاگ ان کرنا پڑتا ہے۔ وہ سب لوگ جنہیں یہ دیکھنے کی اجازت ہو، اپنی بینک آئی ڈی کے ذریعے لاگ ان کرتے ہیں۔

Stafettloggen آپ لوگوں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ باہمی تعاون کی میٹنگوں میں بنایا جاتا ہے۔ جو پیشہ ور فرد مسلسل رابطے میں ہو اور جو بچے/طالبعلم/نوجوان کے ساتھ زیادہ قریبی کام کرتا ہو، اسے «stafettholder» کا کردار ملتا ہے۔ Stafettholderen آپ کا مستقل رابطہ شخص ہے اور وہی باہمی تعاون میں ربط رکھے گا اور Stafettloggen میں لکھے گا۔ Stafettholderen باہمی تعاون کی میٹنگوں کی دعوت دینے اور میٹنگوں میں آپ لوگ جن باتوں پر متفق ہوئے ہوں، ان کا ریکارڈ رکھنے کے لیے Stafettloggen کو استعمال کرے گا۔ آپ لوگ جب چاہیں Stafettloggen میں لاگ ان کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ آپ لوگوں نے کن باتوں پراتفاق کیا ہے۔

## سوالات

اگر آپ کے ذہن میں Stafettloggen کے بارے میں کوئی سوال ہے تو اپنے بارنے ہاگے یا سکول سے رابطہ کریں یا بی دیل کی خدمات سے رابطہ کریں۔ آپ www.oslo.kommune.no/bti پر Stafettloggen کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

https://**stafettloggen**.conexus.no/Account/Index